© rasailojaraid.com



مولانا عبدالقیوم حقانی

# تعارف و تبصرہ کتب

**مسائل حج پشتو** | تالیف: شیخ الحدیث مولانا مفتی محمد فرید صاحب مجددی ـــــ ضخامت: ۴۸ صفحات ـــ قیمت درج نہیں
ناشر: مفتی رشید احمد، مؤتمر المصنفین دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک (پشاور)

شیخ الحدیث حضرت العلامہ مولانا مفتی محمد فرید صاحب دار العلوم حقانیہ کے مفتی اعظم، فقیہ العصر، محدث اور صاحب دل بزرگ اور کامیاب استاذ ہیں۔ دورۂ حدیث کی اہم کتب بخاری شریف اور ترمذی شریف کی تدریسی ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ ملک بھر سے آئے ہوئے فتاویٰ اور مسائل کے جوابات اور تخصص فی الفقہ کے طلباء کی سرپرستی، طالبانِ سلوک کی تربیت کے علاوہ باری تعالیٰ نے آپ کو تصنیف و تالیف کے حسنِ ذوق کی سعادتوں سے بھی نوازا ہے۔ ہدیۃ القاری شرح عربی صحیح البخاری، منہاج السنن ۳ جلد آپ کی گرانقدر علمی تصنیفات ہیں ـــ پیشِ نظر کتابچہ میں ایسے اہم اور ضروری مسائل درج کر دیئے گئے ہیں جو علی العموم حاجیوں کو کثرت سے پیش آتے ہیں اور لاعلمی کی وجہ سے اس میں کثرت سے عملی غلطیاں واقع ہوتی ہیں۔ رسالہ کی فصلِ اوّل میں ان مصطلح الفاظ کی توضیح کی گئی ہے جو امورِ حج میں کثرت سے استعمال ہوتے ہیں۔ فصلِ دوم میں عمرہ کا شرعی حکم، مسائل فصلِ سوم میں ایسے لوگوں کا ذکر جن پر حج فرض ہو جاتا ہے۔ آگے کی فصلوں میں حج کے بیے روانگی کے احکام، مکہ معظمہ میں دخول، طواف اور سعی کے مسائل، تمتع، اس کی تعریف و توضیح اور ذکرِ مسائل مدینہ منورہ سے واپسی کی تفصیلات اور مسائل، حج کے احکام، زیادہ تر پیش آنے والے جنایات کا تذکرہ، احکام و مسائل اور آخر پر ھدیۃ السلفیہ کے نام سے متشدد و ظاہر پرستوں کے غلو و تجاوزات کا تذکرہ اور ان کا علمی جواب دیا گیا ہے۔ کتابچہ مختصر مگر جامع نافع اور ہر لحاظ سے مفید ہے۔ اگر برادرم مفتی رشید احمد صاحب اس کے اردو ترجمہ کا اہتمام کر لیں تو اس کا نفع اور بھی عام ہوگا۔ یقین ہے کہ شائقین و زائرینِ بیت اللہ اور باذوق علمی حلقے اس کی قدر کریں گے۔

**حکایات الاسلاف عن روایات الاخلاق** | تالیف: جناب اعجاز احمد خان سنگھانوی ـــ ضخامت: ۳۱۲ صفحات
قیمت درج نہیں ـــــ ناشر: کتب خانہ انور شاہ ۶۸۲/بی حضرت عثمانِ غنی روڈ، کورنگی ٹاؤن شپ کراچی ۳۱

قرآنِ کریم نے اس بات پر بہت زور دیا ہے کہ دینِ الٰہیہ کو سمجھنے کے لیے کتاب اللہ کے ساتھ رجال اللہ کی ضرورت ہے۔ لہٰذا دین کی مکمل تشریح اکابر و اسلاف کے اصل حالات، ان کی دینی اور تبلیغی مساعی، ان کی تعلیم و تربیت



© rasailojaraid.com